# گندم کی دیمک کا مربوط طریقہ تدارک

کسان بھائیو! بوائی کے وقت کھیت میں دیمک کے کھانے کیلئے کچھ نہیں ہوتا اسطرح وہ بیج کھا جاتی ہے۔اس وقت بیج کو بچانے کیلئے مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کریں:


## ۱۔ بوائی کے وقت بیج کا بچاؤ

ا) گندم کے بیج کو ایک فیصد لارسبن (۴۰ ای سی) یا کلورپائری فاس کے محلول میں دو گھنٹے بھگو دیں پھر سائے میں خشک کرکے بو دیں۔

ب) جس کھیت میں دیمک ہو اس کی پگڈنڈیوں پر پاپلر کھونٹیاں (۲۸سم x ۳سم x ۲سم) دس دس فٹ کے فاصلے پر گاڑ دیں۔

ج) ۸۔۱۰ دن کے بعد ان کھونٹیوں کو چیک کریں۔جس کھونٹی پر دیمک ہو اس جگہ پر پاپلر کی پھٹیوں کا بنڈل دبا دیں۔ یہ بنڈل شاپر میں اس طرح رکھیں کہ شاپر کا منہ زمین کی طرف کھلا ہو۔اسطرح دیمک لکڑی کھانے میں مصروف ہو جائیگی۔اور گندم بچ جائیگی۔

## ۲۔ دیمک کے خاندان کا مکمل خاتمہ




کسان بھائیو! جب بھی اپنے کھیت میں پھریں تو دیمک کی خاندان کی تلاش ذہن میں رکھیں۔کہیں پاؤں زمین میں دھنس جائے ہل یا ٹریکٹر چلاتے وقت گڑھا نظر آئے کھودائی اسی طرف کرتے جائیں۔حتیٰ کہ فنگس کونبز کا ڈھیر نظر آجائے یا کٹائی کے وقت جس جگہ پر بہت زیادہ گنوں کے منڈ دیمک نے کھائے ہوں اس جگہ پر گڑھا دیں۔جس کے اندر ملکہ بادشاہ اور بچے ہونگے یہ ملکہ کا محل ہوگا۔ان سب کو نکال کر سادہ پانی میں ڈال دیں۔۵۔۱۰ منٹ تک سب کے سب مر جائینگے۔اس طرح دیمک کا خاندان ختم ہو جائیگا اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے دوائی کی ضرورت نہیں رہے گی۔یاد رہے کہ یہ کام ہر کسان بھائی کرے۔